يعتذرون 11

القرآن الكريم

لفظی اور با محاورہ ترجمہ

نگہت ہاشمی

يَعْتَذِرُوْنَ	اِلَيْكُمْ	اِذَا	رَجَعْتُمْ	اِلَيْهِمْ ؕ
وہ عذر پیش کریں گے	تمہاری طرف	جب	واپس آؤ تم	اُن کی طرف

جب تم ان کی طرف واپس آؤ گے تو وہ تمہارے سامنے عذر پیش کریں گے،

قُلْ	لَّا تَعْتَذِرُوْا	لَنْ	نُّؤْمِنَ	لَكُمْ	قَدْ
آپ کہہ دیں	عذر نہ کرو	ہرگز نہیں	ہم یقین کریں گے	تمہارے لیے	تحقیق

آپ کہہ دیں کہ عذر نہ کرو! ہم تم پر ہرگز یقین نہیں کریں گے، بلاشبہ

نَبَّاَنَا	اللّٰهُ	مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ	وَسَيَرَى	اللّٰهُ	عَمَلَكُمْ
بتا دی ہے ہمیں	اللہ تعالیٰ نے	تمہاری کچھ خبریں	اور عنقریب دیکھیں گے	اللہ تعالیٰ	تمہارا عمل

اللہ تعالیٰ نے ہمیں تمہاری کچھ خبریں بتا دی ہیں اور عنقریب اللہ تعالیٰ

وَرَسُوْلُهٗ	ثُمَّ	تُرَدُّوْنَ	اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ
اور اس کا رسول	پھر	تم لوٹائے جاؤ گے	غیب جاننے والے کی طرف	اور حاضر کو

اور اس کا رسول تمہارا عمل دیکھیں گے پھر تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے جو غیب اور حاضر کا جاننے والا ہے

فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٤﴾	سَيَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ
تو وہ بتادے گا تمہیں	جو کچھ	تھے تم	کرتے رہے	عنقریب وہ قسمیں کھائیں گے	اللہ تعالیٰ کی

تو وہ تمہیں بتادے گا جو کچھ تم کرتے رہے تھے۔ (94) جب تم ان کی طرف واپس آؤ گے

لَكُمْ	اِذَا	انْقَلَبْتُمْ	اِلَيْهِمْ	لِتُعْرِضُوْا	عَنْهُمْ ؕ
تمہارے لیے	جب	واپس آؤ گے تم	ان کی طرف	تاکہ تم اعراض کرو	اُن سے

عنقریب وہ تمہارے لیے اللہ تعالیٰ کی قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے اعراض کرو

فَاَعْرِضُوْا	عَنْهُمْ ؕ	اِنَّهُمْ	رِجْسٌ ز	وَّمَاْوٰىهُمْ
سو اعراض کرلو	اُن سے	یقیناً وہ	گندے ہیں	اور ٹھکانہ اُن کا

سو تم ان سے اعراض ہی کرلو، یقیناً وہ گندے ہیں اور اُن کا ٹھکانہ

جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٥﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ

جہنم ہے | بدلے میں | اس کے جو | ہیں وہ | کماتے رہے | وہ قسمیں کھائیں گے | تمہارے لیے

جہنم ہے اس کے بدلے میں جو وہ کماتے رہے ہیں۔(95) وہ تمہارے لیے قسمیں کھائیں گے

لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ

تاکہ تم راضی ہوجاؤ | اُن سے | سو اگر | تم راضی ہو بھی جاؤ | اُن سے | تو یقیناً | اللہ تعالیٰ

تاکہ تم ان سے راضی ہوجاؤ، سو تم ان سے راضی ہو بھی جاؤ تو یقیناً اللہ تعالیٰ

لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٩٦﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا

نہیں راضی ہوگا | نافرمان لوگوں سے | دیہاتی | زیادہ سخت ہیں | کفر

نافرمان لوگوں سے راضی نہیں ہوتا۔(96) دیہاتی کفر

وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ

اورنفاق میں | اوراسی لائق ہیں | کہ نہ جانیں وہ | حدود کو | جو

اورنفاق میں زیادہ سخت ہیں اوراسی لائق ہیں کہ جو

اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

نازل کیا ہے | اللہ تعالیٰ نے | اپنے رسول پر | اور اللہ تعالیٰ | سب کچھ جاننے والا

اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر نازل کیا ہے اس کی حدود کو وہ نہ جانیں اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا،

حَكِيْمٌ ﴿٩٧﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا

کمال حکمت والا ہے | اور دیہاتیوں میں سے | جو | سمجھتے ہیں | جو

کمال حکمت والا ہے۔(97) دیہاتیوں میں ایسے بھی ہیں کہ جو کچھ

يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ

(اللہ کی راہ میں) وہ خرچ کرتے ہیں | تاوان | اور وہ انتظار کرتے ہیں | تم پر | زمانے کی گردشوں کا

وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اس کو تاوان سمجھتے ہیں اور تم پر زمانے کی گردشوں کا انتظار کرتے ہیں۔

عَلَيۡهِمۡ دَآئِرَةُ السَّوۡءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ

ان ہی پر ہے | گردش | بری | اور اللہ | سب کچھ سننے والا

بُری گردش ان ہی پر ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا،

عَلِيۡمٌ ﴿۹۸﴾ وَمِنَ الۡاَعۡرَابِ مَنۡ يُّؤۡمِنُ بِاللّٰهِ

سب کچھ جاننے والا ہے | اور دیہاتیوں میں سے کچھ ہیں | جو | ایمان رکھتے ہیں | اللہ تعالیٰ پر

سب کچھ جاننے والا ہے۔(98) اور دیہاتیوں میں سے کچھ وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ

وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنۡفِقُ قُرُبٰتٍ

اور آخرت کے دن پر | اور وہ سمجھتے ہیں | جو | وہ خرچ کرتے ہیں | قربتوں کا ذریعہ

اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور جو بھی وہ خرچ کرتے ہیں اُسے

عِنۡدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوۡلِ ؕ اَلَاۤ اِنَّهَا

اللہ کے نزدیک | اور دعاؤں کا | رسول کی | ہاں | یقیناً وہی (خرچ)

اللہ تعالیٰ کے نزدیک قربتوں اور رسول کی دُعاؤں کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ سن لو! یقیناً وہ

قُرۡبَةٌ لَّهُمۡ ؕ سَيُدۡخِلُهُمُ اللّٰهُ فِىۡ رَحۡمَتِهٖ ؕ

قربت کا ذریعہ | ان کے لئے | عنقریب داخل کرے گا ان کو | اللہ تعالیٰ | اپنی رحمت میں

ان کے لیے قرب کا ذریعہ ہے عنقریب اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمت میں داخل کرے گا۔

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۹۹﴾ ع وَالسّٰبِقُوۡنَ

یقیناً | اللہ تعالیٰ | بے حد بخشنے والا | نہایت رحم والا ہے | اور سبقت کرنے والے

یقیناً اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(99) اور

الۡاَوَّلُوۡنَ مِنَ الۡمُهٰجِرِيۡنَ وَالۡاَنۡصَارِ وَالَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡهُمۡ

سب سے پہلے | مہاجرین میں سے | اور انصار | اور جن لوگوں نے | ان کی اتباع کی

مہاجرین اور انصار میں سب سے پہلے سبقت کرنے والے اور جن لوگوں نے

ع ۱۲ | ۱

بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ

حسن وخوبی سے راضی ہوگیا اللہ تعالیٰ ان سے وہ راضی ہوگئے اس سے اور تیار کیے ہیں

حسن وخوبی سے ان کی اتباع کی ہے، اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوگیا اور وہ اس سے راضی ہوگئے ہیں

لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ

ان کے لئے باغات بہتی ہیں جن کے نیچے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں

اور اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے باغات تیار کیے ہیں جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں،

اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۱۰۰﴾ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ

ہمیشہ ہمیشہ یہی ہے کامیابی بہت بڑی اور ان میں سے جو گردوپیش ہیں تمہارے

وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں، یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔(100) اور تمہارے گردوپیش

مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛؕ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ ۛ مَرَدُوْا

دیہاتیوں میں سے منافق ہیں اور کچھ اہلِ مدینہ میں سے جم گئے ہیں

دیہاتیوں میں سے کچھ منافق ہیں اور کچھ اہلِ مدینہ میں سے نفاق پر جم گئے ہیں

عَلَی النِّفَاقِ ۫ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ سَنُعَذِّبُهُمْ

نفاق پر آپ نہیں جانتے ان کو ہم جانتے ہیں انہیں عنقریب ہم عذاب دیں گے انہیں

آپ ان کو نہیں جانتے ہم ہی انہیں جانتے ہیں، عنقریب ہم انہیں دو مرتبہ عذاب دیں گے پھر وہ

مَّرَّتَیْنِ ثُمَّ یُرَدُّوْنَ اِلٰی عَذَابٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۰۱﴾ ج

دو مرتبہ پھر وہ لوٹائے جائیں گے طرف عذاب کی بہت بڑے

بڑے عذاب کے لئے واپس لائے جائیں گے۔(101)

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا

اور کچھ دوسرے جنہوں نے اعتراف کیا اپنے گناہوں کا ملا دیے انہوں نے عمل کچھ اچھے

اور کچھ دوسرے بھی ہیں جنہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا ہے اور انہوں نے کچھ اچھے

مع ٥ وقف منزل

وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ

اور دوسرے | کچھ برے | قریب ہے کہ | اللہ تعالیٰ | یہ کہ | مہربان ہو جائے | ان پر

اور دوسرے کچھ بُرے عمل ملا دیے ہیں، قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر مہربان ہو جائے یقیناً

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠٢﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ

یقیناً | اللہ تعالیٰ | بے حد بخشنے والا | نہایت رحم والا ہے | آپ لے لیں | ان کے اموال میں سے

اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(102) آپ ان کے اموال میں سے

صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ

صدقہ | آپ صاف کریں گے انہیں | اور آپ پاک کریں گے ان کو | ساتھ اُس کے | اور آپ دعا کریں

صدقہ لے لیں اس کے ساتھ آپ انہیں صاف کریں گے اور ان کو پاک کریں گے اور آپ

عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ

ان کے لیے | یقیناً | آپ کی دعا | وجہ تسکین ہے | ان کے لئے | اور اللہ تعالیٰ | سب کچھ سننے والا

ان کے لیے دُعا کریں، یقیناً آپ کی دُعا ان کے لیے وجہ تسکین ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا،

عَلِيْمٌ ﴿١٠٣﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ

سب کچھ جاننے والا ہے | کیا نہیں | وہ جانتے | بلاشبہ | اللہ تعالیٰ | وہ | قبول کرتا ہے

سب کچھ جاننے والا ہے۔(103) کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ ہی بلاشبہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے

التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ

توبہ | اپنے بندوں سے | اور وہی قبول کرتا ہے | صدقات | اور بے شک | اللہ تعالیٰ

اور وہی صدقات قبول کرتا ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا،

هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى

وہ | بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا | نہایت رحم والا ہے | اور آپ کہہ دیں | تم عمل کرو | پھر عنقریب دیکھے گا

نہایت رحم والا ہے۔(104) اور آپ کہہ دیں تم عمل کرو پھر عنقریب اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى

اللہ تعالیٰ | تمہارا عمل | اور اس کا رسول | اور تمام اہلِ ایمان | اور جلد ہی تم لوٹائے جاؤ گے | طرف

اور اس کا رسول اور تمام اہلِ ایمان تمہارا عمل دیکھیں گے اور تم جلد ہی اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

جاننے والے کی | پوشیدہ | اور ظاہر کو | تو وہ بتادے گا تمہیں | اس کو جو | تھے تم

جو ہر پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا ہے، چنانچہ وہ تمہیں بتادے گا جو

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ ج وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ

عمل کیا کرتے | اور کچھ دوسرے لوگ | انتظار میں رکھے گئے ہیں | اللہ تعالیٰ کے حکم کے لیے

تم عمل کیا کرتے تھے۔(105)اور کچھ دوسرے لوگ جو اللہ کے حکم کے لئے انتظار میں رکھے گئے ہیں،

اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ

یا | وہ سزا دے انہیں | یا یہ کہ | وہ توبہ قبول کرے گا | ان کی

یا وہ اُنہیں عذاب دے یا وہ ان کی توبہ قبول کرے گا

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

اور اللہ تعالیٰ | سب کچھ جاننے والا ہے | کمال حکمت والا ہے | اور جن لوگوں نے | بنائی

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔(106)اور جن لوگوں نے

مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا بَيْنَ

مسجد | نقصان پہنچانے | اور کفر کرنے | اور تفرقہ پھیلانے کے لیے | درمیان

ایک مسجد بنائی ہے نقصان پہنچانے اور کفر کرنے اور مومنوں کے درمیان تفرقہ پھیلانے کے لیے

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ

مومنوں کے | اور گھات کی جگہ بنانے کے لیے | اُس شخص کے لیے جس نے | جنگ کی | اللہ تعالیٰ

اور اس شخص کے لیے گھات کی جگہ بنانے کے لیے جس نے اس سے پہلے اللہ تعالیٰ

وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَاۤ

اوراس کے رسول سے | اس سے پہلے | اور بلاشبہ وہ ضرور قسمیں کھائیں گے | نہیں | ارادہ کیا ہم نے

اوراس کے رسول سے جنگ کی اور بلاشبہ وہ ضرور قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے

اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝١٠٧

سوائے | بھلائی کے | اور اللہ تعالیٰ | گواہی دیتا ہے | بلاشبہ وہی | یقیناً جھوٹے ہیں

بھلائی کے سوا کچھ ارادہ نہیں کیا اور اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ بلاشبہ وہی یقیناً جھوٹے ہیں۔(107)

لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ

نہ آپ کھڑے ہونا | اس میں | کبھی بھی | یقیناً مسجد | جس کی بنیاد رکھی گئی

آپ اس میں کبھی کھڑے نہ ہونا، یقیناً وہ مسجد جس کی بنیاد

عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ

تقویٰ پر | پہلے ہی دن سے | وہی زیادہ حقدار ہے | یہ کہ | آپ کھڑے ہوں

پہلے ہی دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے وہی زیادہ حقدار ہے کہ آپ اس میں کھڑے ہوں،

فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ

اس میں | اس میں | ایسے مرد ہیں | وہ پسند کرتے ہیں | یہ کہ | وہ بہت پاک رہیں

اس میں ایسے مرد ہیں جو پسند کرتے ہیں کہ وہ بہت پاک رہیں،

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝١٠٨ اَفَمَنْ اَسَّسَ

اور اللہ تعالیٰ | محبت کرتا ہے | بہت پاک رہنے والوں سے | تو کیا جس نے | بنیاد رکھی ہو

اور اللہ تعالیٰ بہت پاک رہنے والوں سے محبت کرتا ہے۔(108) تو کیا وہ شخص بہتر ہے جس نے

بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ

اپنی عمارت کی | خوف پر | اللہ سے | اور اس کی رضا پر | بہتر ہے

اپنی عمارت کی بنیاد اللہ تعالیٰ کے خوف پر اور اس کی رضا پر رکھی ہو

أَمْ مَّنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ

یا جس نے بنیاد رکھی اپنی عمارت کی اوپر کنارے کے کھوکھلے تودے کے

یا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد کسی کھوکھلے تودے کے کنارے رکھی

هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي

گرنے والا تھا چنانچہ گر گیا اسے لے کر جہنم کی آگ میں اور اللہ تعالیٰ نہیں ہدایت دیتا

جو گرنے والا تھا، چنانچہ وہ اسے لے کر جہنم کی آگ میں گر گیا اور اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا

ظالم لوگوں کو ہمیشہ رہے گی عمارت ان کی جو انہوں نے بنائی

ہدایت نہیں دیتا۔(109) ان کی عمارت جو انہوں نے بنائی

رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ إِلَّآ أَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ

بے چینی کا باعث ان کے دلوں میں مگر یہ کہ ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیں دل ان کے

ان کے دلوں میں ہمیشہ بے چینی کا باعث بنی رہے گی مگر یہ کہ ان کے دل ہی ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیں

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١١٠﴾ ع إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى ع ١٣ ١١ ٢

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا کمال حکمت والا ہے یقیناً اللہ تعالیٰ خرید لی ہیں

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔(110) یقیناً اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ

مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے اموال بدلے میں کہ یقیناً ان کے لئے

ان کی جانیں اور ان کے اموال خرید لیے ہیں کہ یقیناً اس کے بدلے میں ان کے لیے جنت ہے۔

الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ قف

جنت ہے وہ لڑتے ہیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں چنانچہ وہ قتل کرتے ہیں اور وہ قتل کیے جاتے ہیں

وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتے ہیں، چنانچہ وہ قتل کرتے ہیں اور وہ قتل کیے جاتے ہیں،

وَعۡدًا	عَلَيۡهِ	حَقًّا	فِي التَّوۡرٰىةِ	وَالۡاِنۡجِيۡلِ
وعدہ ہے	اس کے ذمے	پکا	تورات میں	اور انجیل میں

یہ تورات اور انجیل اور قرآن میں اللہ تعالیٰ کے ذمے پکا وعدہ ہے،

وَالۡقُرۡاٰنِؕ	وَمَنۡ	اَوۡفٰى	بِعَهۡدِهٖ	مِنَ اللّٰهِ
اور قرآن میں	اور کون ہے	پورا کرنے والا	اپنے عہد کو	اللہ تعالیٰ سے

اور کون اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر اپنا وعدہ پورا کرنے والا ہے؟

فَاسۡتَبۡشِرُوۡا	بِبَيۡعِكُمُ	الَّذِيۡ	بَايَعۡتُمۡ	بِهٖؕ
تو خوشیاں مناؤ	اپنے سودے پر	جو	سودا چکایا تم نے	اس (اللہ تعالیٰ) سے

تو اپنے اس سودے پر خوشیاں مناؤ جو تم نے اللہ تعالیٰ سے سودا کیا ہے

وَذٰلِكَ	هُوَ	الۡفَوۡزُ	الۡعَظِيۡمُ ۝١١١	اَلتَّآئِبُوۡنَ	الۡعٰبِدُوۡنَ
اور یہی	وہ ہے	کامیابی	بہت بڑی	توبہ کرنے والے	عبادت کرنے والے

اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔(111) وہ توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے،

الۡحٰمِدُوۡنَ	السَّآئِحُوۡنَ	الرّٰكِعُوۡنَ	السّٰجِدُوۡنَ	الۡاٰمِرُوۡنَ
حمد کرنے والے	روزہ رکھنے والے	رکوع کرنے والے	سجدہ کرنے والے	حکم دینے والے

اللہ تعالیٰ کی حمد کرنے والے، روزہ رکھنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے،

بِالۡمَعۡرُوۡفِ	وَالنَّاهُوۡنَ	عَنِ الۡمُنۡكَرِ	وَالۡحٰفِظُوۡنَ	لِحُدُوۡدِ
بھلائی کا	اور روکنے والے	برائی سے	اور حفاظت کرنے والے	حدود کی

بھلائی کا حکم دینے والے، بُرائی سے روکنے والے اور اللہ تعالیٰ کی حدود کی حفاظت کرنے والے ہیں

اللّٰهِؕ	وَبَشِّرِ	الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۝١١٢	مَا كَانَ	لِلنَّبِيِّ
اللہ تعالیٰ کی	اور آپ خوش خبری دے دیں	مومنوں کو	کبھی نہیں ہے	نبی کے لئے

اور مومنوں کو خوش خبری دے دیں۔(112) نبی کو اور جو لوگ

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ

اور جو لوگ | ایمان لائے | یہ کہ | وہ مغفرت کی دعا کریں | مشرکوں کے لیے | اور خواہ

ایمان لائے کبھی جائز نہیں کہ وہ مشرکوں کے لیے مغفرت کی دُعا کریں خواہ

كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ

وہ ہوں | رشتہ دار | بعد اس کے کہ | واضح ہو چکا | ان کے لیے

وہ رشتہ دار ہوں اس کے بعد کہ ان کے لیے واضح ہو چکا کہ

اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿١١٣﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ

یقیناً وہ | دوزخ والے ہیں | اور نہیں | تھا | بخشش مانگنا

یقیناً وہ دوزخ والے ہیں۔(113) اور

اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ

ابراہیم کا | اپنے باپ کے لئے | مگر | وعدہ کے سبب | وعدہ کیا اس نے

ابراہیم کا اپنے باپ کے لیے بخشش مانگنا صرف اس وعدے کے سبب تھا

اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ

اس (باپ) سے | چنانچہ جب | واضح ہو گیا | اس کے لیے | یقیناً وہ | دشمن ہے

جو اُس نے اپنے باپ سے کیا تھا چنانچہ جب اُس کے لیے واضح ہو گیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے

لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ

اللہ کا | بے تعلق ہو گیا | اس (آزر) سے | یقیناً | ابراہیم | یقیناً بڑا نرم دل

تو وہ اس سے بے تعلق ہو گیا بے شک ابراہیم یقیناً بڑا نرم دل،

حَلِيْمٌ ﴿١١٤﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا

بردبار تھا | اور کبھی نہیں ہے | اللہ تعالیٰ | کہ وہ گمراہ کر دے | کسی قوم کو

بڑا بردبار تھا۔(114) اور کبھی ایسا نہیں کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم کو گمراہ کر دے

بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ

بعد (اس کے) جب اسے ہدایت دی اس نے یہاں تک کہ وہ واضح کردے ان کے لئے

اس کے بعد کہ انہیں ہدایت دے چکا ہو یہاں تک کہ وہ ان کے لیے وہ چیز واضح کردے

مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾

جن سے وہ بچیں بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

جن سے وہ بچیں، بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔(115)

اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

یقیناً اللہ تعالیٰ اس کے لئے بادشاہت ہے آسمانوں اور زمین کی

یقیناً اللہ تعالیٰ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے،

يُحْیٖ وَيُمِيْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے اور نہیں ہے تمہارے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا

وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے سوا تمہارا

مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۱۶﴾ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ

کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار بلاشبہ یقیناً (مہربانی سے) توجہ فرمائی اللہ تعالیٰ نے

نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار۔(116) بلاشبہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے

عَلَى النَّبِیِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ

نبی پر اور مہاجرین پر اور انصار پر جو لوگ ساتھ رہے اس کے

نبی پر بھی اور مہاجرین وانصار پر بھی مہربانی کے ساتھ توجہ فرمائی جو

فِیْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ

وقت میں تنگی کے بعد اس کے قریب تھا (کہ) ٹیڑھے ہوجائیں

تنگی کے وقت میں نبی کے ساتھ رہے، اس کے بعد بھی کہ قریب تھا

قُلُوبُ	فَرِيقٍ	مِّنْهُمْ	ثُمَّ		تَابَ
دل	ایک گروہ کے	ان میں سے	پھر		اس نے (مہربانی سے) توجہ فرمائی

ان میں سے ایک گروہ کے دل ہی ٹیڑھے ہو جائیں، پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر مہربانی سے توجہ فرمائی،

عَلَيْهِمْ ؕ	اِنَّهٗ	بِهِمْ	رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ ﴿١١٧﴾ ۙ	
ان پر	یقیناً وہ	ساتھ ان کے	بہت شفقت کرنے والا	نہایت رحم والا ہے	

یقیناً وہ ان پر بہت ہی شفقت کرنے والا، نہایت رحم والا ہے۔ (117)

وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ	الَّذِيْنَ	خُلِّفُوْا ؕ	حَتّٰٓى	اِذَا	ضَاقَتْ
اور ان تینوں پر	جو لوگ	پیچھے رکھے گئے	یہاں تک کہ	جب	تنگ ہوگئی

اور اُن تینوں پر بھی اُس نے توجہ فرمائی جو پیچھے رکھے گئے یہاں تک کہ جب

عَلَيْهِمُ	الْاَرْضُ	بِمَا	رَحُبَتْ		وَضَاقَتْ
ان پر	زمین	باوجود اس کے	وسیع تھی		اور تنگ ہوگئیں

زمین ان پر تنگ ہوگئی باوجود اس کے کہ وسیع تھی

عَلَيْهِمْ	اَنْفُسُهُمْ	وَظَنُّوْٓا	اَنْ		لَّا مَلْجَاَ
اُن پر	ان کی جانیں	اور انہوں نے یقین کرلیا	یہ کہ		نہیں کوئی جائے پناہ

اور ان پر ان کی جانیں تنگ ہوگئیں اور انہوں نے یقین کرلیا کہ

مِنَ اللّٰهِ	اِلَّآ	اِلَيْهِ ؕ	ثُمَّ		تَابَ
اللہ تعالیٰ سے	سوائے	خود اس کے	پھر		اس نے (مہربانی کے ساتھ) توجہ فرمائی

اللہ تعالیٰ سے خود اس کے سوا کوئی جائے پناہ نہیں، پھر اللہ تعالیٰ نے بھی اُن پر مہربانی کے ساتھ توجہ فرمائی

عَلَيْهِمْ	لِيَتُوْبُوْا ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	التَّوَّابُ
ان پر	تا کہ وہ توبہ کریں	یقیناً	اللہ تعالیٰ	وہ	بہت توبہ قبول کرنے والا

تا کہ وہ توبہ کریں، یقیناً اللہ تعالیٰ بہت توبہ قبول کرنے والا،

١٤ ع ٨ ٣

الرَّحِيْمُ ﴿١١٨﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا

نہایت رحم والا ہے | اے لوگو جو | ایمان لائے ہو | ڈر جاؤ | اللہ تعالیٰ سے | اور ہو جاؤ

نہایت رحم والا ہے۔(118) اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ اور

مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١١٩﴾ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ

ساتھ | سچے لوگوں کے | نہ تھا | اہل مدینہ کے لئے | اور جو | ان کے اردگرد

سچے لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ۔(119) اہلِ مدینہ اور اردگرد کے

مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا

دیہاتیوں میں سے | یہ کہ | وہ پیچھے رہتے | رسول اللہ سے | اور نہ

دیہاتیوں کو زیبا نہ تھا کہ وہ اللہ کے رسول سے پیچھے رہتے اور نہ

يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

وہ عزیز رکھتے | اپنی جانوں کو | ان کی جان سے | یہ | اس وجہ سے کہ بلاشبہ وہ

یہ کہ وہ اپنی جانوں کو اس کی جان سے عزیز رکھتے یہ اس وجہ سے کہ بلاشبہ

لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

نہیں پہنچتی اُن کو | کوئی پیاس | اور نہ کوئی تھکاوٹ | اور نہ کوئی بھوک | اللہ تعالیٰ کی راہ میں

اللہ تعالیٰ کی راہ میں نہ کوئی پیاس اور نہ کوئی تھکاوٹ اور نہ کوئی بھوک اُنہیں پہنچتی ہے

وَلَا يَطَئُوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ

اور نہ وہ قدم رکھتے ہیں | کوئی قدم | وہ غصہ دلائے | کافروں کو | اور نہ وہ حاصل کرتے ہیں

اور نہ وہ کوئی قدم رکھتے ہیں جو کافروں کو غصہ دلائے اور نہ وہ

مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ

کسی دشمن سے | کوئی کامیابی | مگر | لکھ دیا جاتا ہے | ان کے لئے

کسی دشمن سے کوئی کامیابی حاصل کرتے ہیں مگر

بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ

بدلے اس کے | ایک عمل | نیک | بلاشبہ | اللہ تعالیٰ | نہیں ضائع کرتا

اس کے بدلے میں ان کے لئے ایک عملِ صالح لکھ دیا جاتا ہے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ

اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً

اجر | نیکی کرنے والوں کا | اور نہ وہ خرچ کرتے ہیں | کوئی خرچ | کوئی چھوٹا

نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔(120) اور نہ وہ کوئی چھوٹا خرچ کرتے ہیں

وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ

اور نہ کوئی بڑا | اور نہ وہ طے کرتے ہیں | کوئی وادی | مگر | لکھ لیا جاتا ہے

اور نہ کوئی بڑا، اور نہ کوئی وادی وہ طے کرتے ہیں مگر وہ ان کے لیے لکھ دیا جاتا ہے

لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا

ان کے لئے | تا کہ بدلہ دے انہیں | اللہ تعالیٰ | بہترین | جو | تھے وہ

تا کہ اللہ تعالیٰ انہیں بہترین جزا دے جو وہ عمل کرتے تھے۔(121)

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا

وہ عمل کرتے | اور نہیں | ہے | اہلِ ایمان | کہ وہ نکل جائیں

اور یہ ممکن نہیں ہے کہ سارے کے سارے اہلِ ایمان ہی نکل جائیں،

كَآفَّةً ط فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ

سارے کے سارے | سو کیوں نہیں | نکلے | ہر گروہ میں سے | ان میں سے

سو ان کے ہر گروہ میں سے کچھ لوگ کیوں نہیں نکلے

طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِى الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ

کچھ لوگ | تا کہ وہ سمجھ حاصل کریں | دین میں | اور تا کہ وہ ڈرائیں | اپنی قوم کو

تا کہ وہ دین کی سمجھ حاصل کریں اور تا کہ وہ اپنی قوم کو ڈرائیں

اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿١٢٢﴾ ع

جب | وہ واپس جائیں | ان کی طرف | تا کہ وہ | بچ جائیں

جب وہ ان کی طرف واپس جائیں تا کہ وہ بچ جائیں۔(122)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ

اے لوگو جو | ایمان لائے ہو | لڑو | ان لوگوں سے جو | قریب ہیں تمہارے

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! ان لوگوں کے ساتھ لڑو کافروں میں سے جو تمہارے قریب ہیں

مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ

کافروں میں سے | اور لازم ہے کہ وہ پائیں | تم میں | کچھ سختی | اور جان لو | یقیناً

اور لازم ہے کہ وہ تم میں کچھ سختی پائیں اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ یقیناً

اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٢٣﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ

اللہ تعالیٰ | ساتھ ہے | متقی لوگوں کے | اور جب | نازل کی جاتی ہے | کوئی سورت

متقی لوگوں کے ساتھ ہے۔(123) اور جب بھی کوئی سورت نازل کی جاتی ہے

فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ

تو ان میں سے کچھ لوگ ہیں | جو | کہتے ہیں | تم میں سے کس کو | زیادہ کیا اس کو | اس نے

تو ان میں سے کچھ لوگ کہتے ہیں کہ تم میں سے کس کو ایمان میں اس نے زیادہ کیا؟

اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

ایمان میں | چنانچہ | جو لوگ | ایمان لائے | سو زیادہ کیا اس نے ان کو | ایمان میں

چنانچہ جو لوگ ایمان لائے، سو ان کو ایمان میں اس نے زیادہ کیا ہے

وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿١٢٤﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

اور وہ | بہت خوش ہوتے ہیں | اور لیکن | وہ لوگ | جن کے دلوں میں

اور وہ اس سے بہت خوش ہوتے ہیں۔(124) لیکن وہ لوگ جن کے دلوں میں

مَّرَضٌ	فَزَادَتْهُمْ	رِجْسًا	اِلٰى	رِجْسِهِمْ
بیماری ہے	تو زیادہ کر دیا اس نے ان کو	گندگی میں	طرف	ان کی گندگی کی

بیماری ہے تو اس نے ان کو گندگی میں اور گندگی کے ساتھ زیادہ کر دیا

وَمَاتُوْا	وَهُمْ	كٰفِرُوْنَ ﴿١٢٥﴾	اَوَ	لَا يَرَوْنَ
اور وہ مرے ہیں	اس حال میں کہ وہ	وہ کافر تھے	اور کیا	نہیں وہ دیکھتے

اور وہ اس حال میں مرے کہ وہ کافر تھے۔(125) اور کیا وہ دیکھتے نہیں

اَنَّهُمْ	يُفْتَنُوْنَ	فِيْ كُلِّ عَامٍ	مَّرَّةً	اَوْ مَرَّتَيْنِ
یقیناً وہ	آزمائش میں ڈالے جاتے ہیں	ہر سال میں	ایک بار	یا دو بار

کہ یقیناً ایک بار یا دو بار وہ ہر سال آزمائش میں ڈالے جاتے ہیں؟

ثُمَّ	لَا يَتُوْبُوْنَ	وَلَا	هُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٦﴾
پھر	نہ وہ توبہ کرتے ہیں	اور نہ ہی	وہ	نصیحت حاصل کرتے ہیں

پھر بھی وہ نہ توبہ کرتے ہیں اور نہ ہی وہ نصیحت حاصل کرتے ہیں۔(126)

وَاِذَا مَآ	اُنْزِلَتْ	سُوْرَةٌ	نَّظَرَ	بَعْضُهُمْ
اور جب بھی	اتاری جاتی ہے	کوئی سورت	دیکھتا ہے	ان میں سے بعض

اور جب کوئی سورت اُتاری جاتی ہے تو ایک دوسرے

اِلٰى بَعْضٍ ؕ	هَلْ	يَرٰىكُمْ	مِّنْ اَحَدٍ	ثُمَّ
بعض کی طرف	کیا	دیکھ رہا ہے تمہیں	کوئی ایک	پھر

کی طرف دیکھتے ہیں کہ کیا تمہیں کوئی ایک دیکھ رہا ہے؟

انْصَرَفُوْا ؕ	صَرَفَ	اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ	بِاَنَّهُمْ
وہ واپس پلٹ جاتے ہیں	پھیر دیا ہے	اللہ تعالیٰ نے	ان کے دلوں کو	اس لیے کہ یقیناً وہ

پھر وہ واپس پلٹ جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو پھیر دیا ہے اس لیے کہ یقیناً

قَوْمٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

لوگ ہیں | نہیں وہ سمجھتے | بلاشبہ یقیناً | آئے ہیں تمہارے پاس | ایک عظیم رسول

وہ ایسے لوگ ہیں جو سمجھتے نہیں۔(127) بلاشبہ تمہارے پاس یقیناً تم ہی میں سے ایک عظیم رسول آیا ہے

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ

خود تم میں سے | گراں ہے | اس پر | جو تم مشقت میں پڑو | بہت حرص رکھنے والا ہے

اُس پر گراں ہے جو تم مشقت میں پڑو، تم پر بہت حرص رکھنے والا ہے،

عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ

تم پر | مومنوں پر | بہت شفقت کرنے والا | نہایت مہربان ہے | پھر اگر

مومنوں پر بہت شفقت کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔(128) پھر اگر

تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

وہ منہ موڑیں | تو آپ کہہ دیں | کافی ہے مجھے | اللہ تعالیٰ | نہیں | کوئی معبود | سوائے

وہ منہ موڑیں تو آپ کہہ دیں اللہ تعالیٰ ہی مجھے کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں،

هُوَ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾ ع

اس کے | اسی پر | میں بھروسہ کرتا ہوں | اور وہی | رب ہے | عرش عظیم کا

میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہی عرشِ عظیم کا رب ہے۔(129)

ع ۱۶ ۷ ۵

المنزل ۳

اٰیاتها ۱۰۹ — ۱۰ سُوْرَةُ یُوْنُسَ مَكِّیَّةٌ ۵۱ — رکوعاتها ۱۱

سورہ یونس مکی ہے اس میں ایک سو نو آیات اور گیارہ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ ۫ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ① اَكَانَ

الٓرٰ | یہ | آیات ہیں | کتاب کی | کمال حکمت والی | کیا ہے

الر۔ یہ کمال حکمت والی کتاب کی آیات ہیں۔(1) کیا

لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ

لوگوں کے لیے | ایک عجیب بات | کہ | ہم نے وحی کی | طرف | ایک آدمی کی

لوگوں کے لیے ایک عجیب بات ہوگئی ہے کہ ہم نے ان ہی میں سے ایک آدمی کو وحی کی

مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ

اُن ہی میں سے | یہ کہ | آپ خبردار کردیں | لوگوں کو | اور آپ بشارت دے دو | ان لوگوں کو جو

کہ آپ لوگوں کو ڈرادو اور بشارت دے دو اُن لوگوں کو جو

اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ

ایمان لائے | یقیناً | اُن کے لیے | مرتبہ ہے | سچا | پاس

ایمان لائے کہ یقیناً اُن کے لیے ان کے رب کے پاس سچا مرتبہ ہے۔

رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ

اُن کے رب کے | کہا | کافروں نے | بے شک | یہ | ضرور جادوگر ہے

کافروں نے کہا بے شک یہ ضرور

مُّبِيْنٌ ② اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ

کھلا | یقیناً | تمہارا رب | اللہ تعالیٰ ہے | جس نے | پیدا کیا

کھلا جادوگر ہے۔(2) یقیناً اللہ تعالیٰ ہی تمہارا رب ہے جس نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

آسمانوں کو | اور زمین کو | چھ دنوں میں | پھر | وہ بلند ہوا

آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر وہ

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

عَلَى الْعَرْشِ	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ ؕ	مَا	مِنْ شَفِيْعٍ
عرش پر	وہی تدبیر کرتا ہے	ہر کام کی	نہیں	کوئی سفارش کرنے والا

عرش پر بلند ہوا، وہی ہر کام کی تدبیر کرتا ہے، کوئی سفارش کرنے والا نہیں

اِلَّا	مِنْ بَعْدِ	اِذْنِهٖ ؕ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ
مگر	بعد	اس کی اجازت کے	وہی	اللہ تعالیٰ	رب تمہارا ہے

مگر اُس کی اجازت کے بعد، وہی اللہ تعالیٰ تمہارا رب ہے

فَاعْبُدُوْهُ ؕ	اَفَلَا	تَذَكَّرُوْنَ ۝۳	اِلَيْهِ	مَرْجِعُكُمْ
سو تم عبادت کرو اس کی	تو کیا نہیں	تم نصیحت حاصل کرتے	طرف اُسی کے	لوٹنا ہے تمہیں

سو تم اس کی عبادت کرو تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟ (3) اُسی کی طرف تم سب کو لوٹنا ہے،

جَمِيْعًا ؕ	وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقًّا ؕ	اِنَّهٗ	يَبْدَؤُا
سب کو	وعدہ ہے	اللہ تعالیٰ کا	سچا	یقیناً وہ	وہ آغاز کرتا ہے

اللہ تعالیٰ کا سچا وعدہ ہے، یقیناً وہی پیدائش کا آغاز کرتا ہے

الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	لِيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ
پیدائش کا	پھر	وہ دوبارہ پیدا کرے گا اسے	تاکہ وہ جزا دے	اُن لوگوں کو جو

پھر وہ اسے دوبارہ پیدا کرے گا تاکہ وہ ان لوگوں کو انصاف کے ساتھ جزا دے جو

اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	بِالْقِسْطِ ؕ	وَالَّذِيْنَ
ایمان لائے	اور جنہوں نے کی ہیں	نیکیاں	انصاف کے ساتھ	اور جن لوگوں نے

ایمان لائے اور جنہوں نے نیکیاں کی ہیں اور جن لوگوں نے

كَفَرُوْا	لَهُمْ	شَرَابٌ	مِّنْ حَمِيْمٍ	وَّعَذَابٌ
کفر کیا	اُن کے لیے	پینا ہے	کھولتا ہوا پانی	اور عذاب ہے

کفر کیا اُن کے لیے کھولتے ہوئے پانی سے پینا ہے اور دردناک عذاب ہے،

اَلِيۡمٌۢ بِمَا كَانُوۡا يَكۡفُرُوۡنَ ۝٤ هُوَ الَّذِىۡ

دردناک — اس کے بدلے میں جو — وہ تھے — کفر کیا کرتے — وہی ہے — جس نے

اس کے بدلے میں جو وہ کفر کیا کرتے تھے۔(4) وہی ہے جس نے

جَعَلَ الشَّمۡسَ ضِيَآءً وَّالۡقَمَرَ نُوۡرًا وَّقَدَّرَهٗ

بنایا — سورج کو — تیز روشنی — اور چاند کو — نور — اور مقرر کیں اس کی

سورج کو تیز روشنی اور چاند کو نور بنایا ہے اور اس کی منزلیں مقرر کیں

مَنَازِلَ لِتَعۡلَمُوۡا عَدَدَ السِّنِيۡنَ وَالۡحِسَابَ ؕ

منزلیں — تاکہ تم معلوم کرو — گنتی — برسوں کی — اور حساب

تاکہ تم برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کرو۔

مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالۡحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ

نہیں پیدا کیا — اللہ تعالیٰ نے — یہ — مگر — حق کے ساتھ — وہ کھول کر بیان کرتا ہے

اللہ تعالیٰ نے یہ سب کچھ نہیں پیدا کیا مگر حق کے ساتھ، وہ ان لوگوں کے لیے

الۡاٰيٰتِ لِقَوۡمٍ يَّعۡلَمُوۡنَ ۝٥ اِنَّ فِى اخۡتِلَافِ

نشانیاں — اُن لوگوں کے لیے — وہ علم رکھتے ہیں — یقیناً — اختلاف میں

نشانیاں کھول کر بیان کرتا ہے جو علم رکھتے ہیں۔(5) یقیناً

الَّيۡلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِى السَّمٰوٰتِ

رات — اور دن کے — اور جو کچھ — پیدا کیا — اللہ تعالیٰ نے — آسمانوں میں

رات اور دن کے اختلاف میں اور آسمانوں

وَالۡاَرۡضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّتَّقُوۡنَ ۝٦ اِنَّ

اور زمین میں — یقیناً نشانیاں ہیں — ان لوگوں کے لیے — جو ڈرتے ہیں — یقیناً

اور زمین میں اللہ تعالیٰ نے جو کچھ پیدا کیا ہے اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو ڈرتے ہیں۔(6) یقیناً

الَّذِيْنَ | لَا يَرْجُوْنَ | لِقَآءَنَا | وَرَضُوْا | بِالْحَيٰوةِ

جو لوگ | نہیں اُمید رکھتے | ہماری ملاقات کی | اور وہ راضی ہو گئے ہیں | زندگی پر

جو لوگ ہماری ملاقات کی اُمید نہیں رکھتے اور وہ دنیا کی زندگی پر راضی ہو گئے

الدُّنْيَا | وَاطْمَاَنُّوْا | بِهَا | وَالَّذِيْنَ | هُمْ

دنیا کی | اور وہ مطمئن ہیں | اس پر ہی | اور جو لوگ | وہ

اور اس پر ہی مطمئن ہو گئے اور وہ لوگ جو

عَنْ اٰيٰتِنَا | غٰفِلُوْنَ ۙ﴿٧﴾ | اُولٰٓئِكَ | مَاْوٰىهُمُ | النَّارُ

ہماری آیات سے | غافل ہیں | یہی لوگ ہیں | ٹھکانہ اُن کا | آگ ہے

ہماری آیات سے غافل ہیں۔(7) یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ آگ ہے

بِمَا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ ﴿٨﴾ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا

اس کے بدلے جو | تھے وہ | کمایا کرتے | یقیناً | جو لوگ | ایمان لائے

اس کے بدلے میں جو وہ کمایا کرتے تھے۔(8) یقیناً جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | يَهْدِيْهِمْ | رَبُّهُمْ | بِاِيْمَانِهِمْ ۚ

اور جنہوں نے کی ہیں | نیکیاں | ہدایت دے گا اُنہیں | رب ان کا | اُن کے ایمان کی وجہ سے

اور جنہوں نے نیکیاں کی ہیں اُن کا رب ان کے ایمان کی وجہ سے انہیں ہدایت دے گا،

تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهِمُ | الْاَنْهٰرُ | فِيْ جَنّٰتِ | النَّعِيْمِ ﴿٩﴾

بہتی ہوں گی | اُن کے نیچے سے | نہریں | باغوں میں | نعمتوں کے

نعمت کے باغوں میں ان کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی۔(9)

دَعْوٰىهُمْ | فِيْهَا | سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ | وَتَحِيَّتُهُمْ | فِيْهَا

دُعا اُن کی | اس میں | پاک ہے تو اے اللہ | اور اُن کی آپس کی دُعا | اُس میں

اُن کی دعا اس میں یہ ہو گی ”پاک ہے تو اے اللہ“! ان کی آپس کی دعا اس میں

سَلٰمٌ ج وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

سلام (ہوگی) | اور اختتام | ان کی دعا کا | کہ | سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے

سلام ہوگی اور اُن کی دعا کا اختتام یہ ہوگا کہ ’’سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾ ع وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ

ع ۱/۶

رب ہے تمام جہانوں کا | اور اگر | جلدی دے | اللہ تعالیٰ | لوگوں کو

جو تمام جہانوں کا رب ہے‘‘۔(10) اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کو

الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ

بُرائی | بہت جلدی دینے کی طرح ان کو | بھلائی کو | تو یقیناً پوری کر دی جائے

بہت جلدی بھلائی دینے کی طرح ان کو برائی جلدی دے تو یقیناً

اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ط فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ

اُن کی طرف | اُن کی مدت | چنانچہ ہم چھوڑ دیتے ہیں | اُن لوگوں کو جو | نہیں اُمید رکھتے

ان کی مدت ان کی طرف پوری کر دی جائے تو جو لوگ ہماری ملاقات کی اُمید نہیں رکھتے

لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَاِذَا مَسَّ

ہماری ملاقات کی | اُن کی سرکشی میں | وہ حیران پھرتے ہیں | اور جب | پہنچتی ہے

ان لوگوں کو ہم ان کی سرکشی میں چھوڑ دیتے ہیں کہ وہ حیران پھرتے ہیں۔(11) اور انسان کو

الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا

انسان کو | تکلیف | وہ پکارتا ہے ہمیں | اپنے پہلو پر | یا بیٹھے ہوئے

جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں اپنے پہلو پر یا بیٹھے ہوئے

اَوْ قَآئِمًا ج فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ

یا کھڑے ہوئے | پھر جب | ہم دور کر دیتے ہیں | اس سے | تکلیف اُس کی

یا کھڑے ہوئے پکارتا ہے پھر جب ہم اس کی وہ تکلیف اس سے دور کر دیتے ہیں تو

مَرَّ	كَاَنْ	لَّمْ يَدْعُنَآ	اِلٰى ضُرٍّ	مَّسَّهٗ ؕ
وہ چل دیتا ہے	گویا کہ	اُس نے ہمیں نہیں پکارا تھا	اس تکلیف میں	جو اسے پہنچی

وہ چل دیتا ہے گویا کہ اِس نے ہمیں اس تکلیف میں پکارا ہی نہ تھا جو اسے پہنچی ہو۔

كَذٰلِكَ	زُيِّنَ	لِلْمُسْرِفِيْنَ	مَا	كَانُوْا
ایسے ہی	خوشنما بنادیا گیا	حد سے گزر جانے والوں کے لیے	جو	تھے وہ

ایسے ہی حد سے گزر جانے والوں کے لیے خوش نما بنادیا گیا

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲﴾	وَلَقَدْ	اَهْلَكْنَا	الْقُرُوْنَ	مِنْ قَبْلِكُمْ
عمل کیا کرتے	اور بلاشبہ یقیناً	ہلاک کردیے ہم نے	بہت سے زمانوں کے لوگ	تم سے پہلے

جو وہ عمل کیا کرتے تھے۔(12) اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بہت سے زمانوں کے لوگوں کو تم سے پہلے بھی ہلاک کر دیا

لَمَّا	ظَلَمُوْا ۙ	وَجَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	وَمَا
جب کہ	انہوں نے ظلم کیا	لائے تھے اُن کے پاس	ان کے پیغمبر	واضح دلائل	اور نہیں

جب کہ انہوں نے ظلم کیا اور اُن کے پیغمبر اُن کے پاس واضح دلائل لائے تھے

كَانُوْا	لِيُؤْمِنُوْا ؕ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْقَوْمَ	الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۳﴾
تھے وہ	کہ وہ ایمان لاتے	ایسے ہی	ہم سزا دیتے ہیں		مجرم لوگوں کو

اور وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے ، ایسے ہی ہم مجرم لوگوں کو سزا دیتے ہیں۔(13)

ثُمَّ	جَعَلْنٰكُمْ	خَلٰٓئِفَ	فِي الْاَرْضِ	مِنْ بَعْدِهِمْ
پھر	بنادیا ہم نے تمہیں	جانشین	زمین میں	ان کے بعد

پھر ہم نے تمہیں اُن کے بعد زمین میں جانشین بنادیا

لِنَنْظُرَ	كَيْفَ	تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾	وَاِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ
تاکہ ہم دیکھیں	کیسے	تم عمل کرتے ہو	اور جب	پڑھی جاتی ہیں	اُن پر

تاکہ ہم دیکھیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو؟(14) اور جب اُن پر ہماری واضح آیات پڑھی جاتی ہیں

اٰیٰتُنَا	بَیِّنٰتٍ ۙ	قَالَ	الَّذِیْنَ	لَا یَرْجُوْنَ	لِقَآءَنَا
ہماری آیات	واضح	کہتے ہیں	جولوگ	نہیں اُمید رکھتے	ہماری ملاقات کی

تو جولوگ ہماری ملاقات کی اُمید نہیں رکھتے وہ کہتے ہیں کہ

ائْتِ	بِقُرْاٰنٍ	غَیْرِ هٰذَآ	اَوْ بَدِّلْهُ ؕ	قُلْ
تم لاؤ	(اور) قرآن	اس کے علاوہ	یا بدل دو اس کو	آپ کہہ دیں

اس کے علاوہ کوئی اور قرآن لاؤ یا اس کو بدل دو، آپ کہہ دیں

مَا یَكُوْنُ	لِیْٓ	اَنْ	اُبَدِّلَهٗ	مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِیْ ۚ
نہیں ہے ممکن	میرے لیے	یہ کہ	میں بدل دوں اسے	اپنی جانب سے

میرے لیے یہ ممکن نہیں ہے کہ میں اپنی جانب سے اُسے بدل دوں،

اِنْ	اَتَّبِعُ	اِلَّا	مَا	یُوْحٰٓى	اِلَیَّ ۚ	اِنِّیْٓ
نہیں	میں اتباع کرتا	مگر	جو	وحی کی جاتی ہے	مجھ پر	بلاشبہ میں

میں اس کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر وحی کی جاتی ہے، بلاشبہ

اَخَافُ	اِنْ	عَصَیْتُ	رَبِّیْ	عَذَابَ
میں ڈرتا ہوں	اگر	میں نافرمانی کروں	اپنے رب کی	عذاب سے

اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک بہت بڑے دن کے عذاب سے

یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۵﴾	قُلْ	لَّوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	مَا
بڑے دن کے	آپ کہہ دیں	اگر	چاہتا	اللہ تعالیٰ	نہ

ڈرتا ہوں۔(15) آپ کہہ دیں اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو نہ

تَلَوْتُهٗ	عَلَیْكُمْ	وَلَآ اَدْرٰىكُمْ	بِهٖ ۖ	فَقَدْ
میں پڑھتا اس کو	تم پر	اور نہ وہ خبر دیتا تمہیں	اس کی	سو تحقیق

میں تمہارے سامنے اس کو پڑھتا اور نہ اللہ تعالیٰ تمہیں اس کی خبر دیتا، پس بلاشبہ

لَبِثْتُ	فِيْكُمْ	عُمُرًا	مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ	اَفَلَا
میں بسر کر چکا ہوں	تمہارے درمیان میں	ایک عمر	اس سے پہلے	تو کیا نہیں

پس بلاشبہ اس سے پہلے میں تمہارے درمیان ایک عمر بسر کر چکا ہوں تو کیا

تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶﴾	فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰی
تم سمجھتے	پھر کون	زیادہ ظالم ہوگا	اس سے جس نے	باندھا

تم نہیں سمجھتے ؟(16) پھر اس سے زیادہ ظالم اور کون ہے جس نے

عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ كَذَّبَ	بِاٰيٰتِهٖ ؕ	اِنَّهٗ
اللہ تعالیٰ پر	جھوٹ	یا جھٹلایا	اُس کی آیات کو	یقیناً وہ

اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا یا اس کی آیات کو جھٹلایا۔ یقیناً

لَا يُفْلِحُ	الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾	وَيَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
فلاح نہیں پاتے	مجرم لوگ	اور وہ عبادت کرتے ہیں	اللہ تعالیٰ کے ماسوا

مجرم لوگ فلاح نہیں پاتے (17) اور وہ اللہ تعالیٰ کے ماسوا اُن کی عبادت کرتے ہیں

مَا	لَا يَضُرُّهُمْ	وَلَا يَنْفَعُهُمْ	وَيَقُوْلُوْنَ	هٰٓؤُلَآءِ
جو	نہ نقصان دے سکتے ہیں اُنہیں	اور نہ فائدہ پہنچا سکتے ہیں اُنہیں	اور وہ کہتے ہیں	یہ لوگ

جو نہ ہی انہیں نقصان دے سکتے ہیں اور نہ ہی انہیں فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ

شُفَعَآؤُنَا	عِنْدَ اللّٰهِ ؕ	قُلْ	اَتُنَبِّـُٔوْنَ	اللّٰهَ
سفارشی ہیں ہمارے	اللہ تعالیٰ کے ہاں	آپ کہہ دیں	کیا تم خبر دیتے ہو	اللہ تعالیٰ کو

اللہ تعالیٰ کے ہاں یہ لوگ ہمارے سفارشی ہیں۔ آپ کہہ دیں کہ کیا تم اللہ تعالیٰ کو

بِمَا	لَا يَعْلَمُ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَلَا	فِي الْاَرْضِ ؕ
اس کی جسے	نہیں وہ جانتا	آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں

اس بات کی خبر دیتے ہو جسے نہ وہ آسمانوں میں جانتا ہے اور نہ زمین میں؟

سُبۡحٰنَهٗ	وَ تَعٰلٰى	عَمَّا	يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۱۸﴾	وَمَا
پاک ہے وہ	اور بے حد بلند ہے	اُس سے جو	وہ شریک بناتے ہیں	اور نہیں

پاک ہے وہ اور بے حد بلند ہے اُس سے جو وہ شریک بناتے ہیں۔(18) اور

كَانَ	النَّاسُ	اِلَّاۤ	اُمَّةً	وَّاحِدَةً	فَاخۡتَلَفُوۡا ؕ
تھے	لوگ	مگر	اُمت	ایک ہی	پھر وہ الگ الگ ہو گئے

تمام لوگ ایک ہی اُمت تھے، پھر وہ الگ الگ ہو گئے

وَلَوۡلَا	كَلِمَةٌ	سَبَقَتۡ	مِنۡ رَّبِّكَ	لَقُضِىَ
اور اگر نہ ہوتی	ایک بات	طے ہو چکی	آپ کے رب کے پاس	ضرور فیصلہ کر دیا جاتا

اور اگر آپ کے رب کے پاس ایک بات پہلے ہی سے طے نہ ہوتی تو

بَيۡنَهُمۡ	فِيۡمَا	فِيۡهِ	يَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۱۹﴾	وَيَقُوۡلُوۡنَ
اُن کے درمیان	اس کے بارے میں جو	جس میں	وہ اختلاف کر رہے ہیں	اور وہ کہتے ہیں

اس بارے میں ان کے درمیان ضرور فیصلہ کر دیا جاتا جس میں وہ اختلاف کر رہے ہیں۔(19) اور وہ کہتے ہیں کہ

لَوۡلَاۤ	اُنۡزِلَ	عَلَيۡهِ	اٰيَةٌ	مِّنۡ رَّبِّهٖ ۚ
کیوں نہیں	اتاری گئی	اس پر	کوئی نشانی	اُس کے رب کی طرف سے

اس پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اُتاری گئی؟

فَقُلۡ	اِنَّمَا	الۡغَيۡبُ	لِلّٰهِ	فَانۡتَظِرُوۡا ۚ
سو آپ کہہ دیں	یقیناً	غیب	اللہ تعالیٰ کے لیے ہے	چنانچہ تم انتظار کرو

سو آپ کہہ دیں کہ غیب کی خبر صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے، چنانچہ تم لوگ انتظار کرو

اِنِّىۡ	مَعَكُمۡ	مِّنَ الۡمُنۡتَظِرِيۡنَ ﴿۲۰﴾ ع	وَاِذَاۤ	اَذَقۡنَا
بلاشبہ میں	تمہارے ساتھ ہی	انتظار کرنے والوں میں سے ہوں	اور جب	چکھاتے ہیں ہم

بلاشبہ میں تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں۔(20) اور جب ہم

ع ۲ / ۷

النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ

لوگوں کو | رحمت | بعد | کسی تکلیف کے | پہنچی اُن کو

لوگوں کو کسی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں کسی تکلیف کے بعد جو انہیں پہنچی ہو،

اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ؕ قُلِ اللّٰهُ

تو تب | اُن کے لیے | کوئی بری چال ہوتی ہے | ہماری آیات میں | آپ کہہ دیں | اللہ تعالیٰ

تب اچانک ان کے لیے ہماری آیات میں کوئی بری چال ہوتی ہے۔ آپ کہہ دیں اللہ تعالیٰ

اَسْرَعُ مَكْرًا ؕ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا

زیادہ تیز ہے | تدبیر میں | بلاشبہ | ہمارے فرشتے | وہ لکھ رہے ہیں | جو

تدبیر میں سب سے زیادہ تیز ہے، بلاشبہ ہمارے فرشتے وہ سب لکھ رہے ہیں جو

تَمْكُرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ

تم بری چالیں چلتے ہو | وہی ہے | جو | وہ چلاتا ہے تمہیں | خشکی میں

تم بری چالیں چلتے ہو۔(21) وہی ہے جو خشکی

وَالْبَحْرِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ

اور سمندر میں | یہاں تک کہ | جب | ہوتے ہو تم | کشتیوں میں

اور سمندر میں تمہیں چلاتا ہے، یہاں تک کہ جب تم کشتیوں میں ہوتے ہو

وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا

اور وہ چلتی ہیں | ساتھ اُن کے | عمدہ ہوا کے ساتھ | اور وہ خوش ہوتے ہیں | اس پر

اور وہ انہیں لے کر عمدہ ہوا کے ساتھ چلتی ہیں اور وہ اس پر خوش ہو رہے ہوتے ہیں کہ

جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ

آجاتی ہے اُن کے پاس | سخت تیز ہوا | اور آتی ہے ان پر | موج

اچانک سخت تیز ہوا آجاتی ہے اور ان پر

مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ

ہر جانب سے | وہ یقین کرتے ہیں | بے شک وہ | گھیر لیا گیا ہے | اُنہیں

ہر جانب سے موج آ جاتی ہیں اور وہ یقین کر لیتے ہیں کہ بے شک اُنہیں گھیر لیا گیا ہے

دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَئِنْ

وہ پکارتے ہیں | اللہ تعالیٰ کو | خالص کرتے ہوئے | اُس کے لیے | عبادت کو | کہ اگر

تو وہ اللہ تعالیٰ کے لیے عبادت کو خالص کرتے ہوئے اُسی کو پکارتے ہیں کہ اگر آپ ہمیں

اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٢٢﴾

تو نے نجات دے دی ہمیں | اس سے | تو ہم ضرور ہوں گے | شکرادا کرنے والوں میں سے

اس سے نجات دے دیں تو ہم ضرور شکر کرنے والوں میں سے ہوں گے۔(22)

فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ

پھر جب | اس نے نجات دے دی اُنہیں | فوراً | وہ | سرکشی کرتے ہیں وہ | زمین میں

پھر اس نے جب انہیں نجات دے دی تب فوراً وہ زمین میں ناحق سرکشی کرتے ہیں۔

بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ

ناحق | اے | لوگو | یقیناً | سرکشی تمہاری

اے لوگو! یقیناً تمہاری سرکشی تمہارے اپنے ہی خلاف ہے

عَلٰٓي اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ ثُمَّ اِلَيْنَا

تمہاری اپنی جانوں پر ہے | فائدہ (اٹھالو) | دنیا کی زندگی کا | پھر | ہماری طرف

دنیا کی زندگی کا فائدہ اٹھالو پھر

مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٣﴾

تمہیں لوٹ کر آنا ہے | تو ہم بتا دیں گے تمہیں | ساتھ اُس کے جو | تھے تم | عمل کیا کرتے

ہماری طرف ہی تمہیں لوٹ کر آنا ہے تو ہم تمہیں بتا دیں گے جو تم عمل کیا کرتے تھے۔(23)

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ أَنْزَلْنٰهُ

یقیناً مثال دنیا کی زندگی کی پانی جیسی ہے نازل کیا ہم نے اُس کو

دنیا کی زندگی کی مثال اُس پانی جیسی ہے جسے ہم نے

مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْأَرْضِ

آسمان سے تو مل جُل گئیں اس سے اُگنے والی چیزیں زمین کی

آسمان سے نازل کیا تو اُس سے زمین کی اُگنے والی چیزیں خوب مل جُل گئیں

مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ ط حَتّٰٓى إِذَآ

اس میں سے جو کھاتے ہیں انسان اور چوپائے یہاں تک کہ جب

اس میں سے جو انسان اور چوپائے کھاتے ہیں یہاں تک کہ

أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ

لے لی زمین نے اپنی رونق اور خوب مزین ہوگئی اور یقین کرلیا

زمین نے اپنی رونق لے لی اور خوب مزین ہوگئی

أَهْلُهَآ أَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ لا أَتٰىهَا

اُس کے رہنے والوں نے بے شک وہ قادر ہیں اس پر آگیا اس پر

اوراس کے رہنے والوں نے یقین کرلیا کہ بے شک اب وہ اس پر قادر ہیں تو

أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا

حکم ہمارا رات کو یا دن کو تو کر دیا ہم نے اس کو کٹی ہوئی

ہمارا حکم رات کو یا دن کو آگیا تو ہم نے اُسے کٹی ہوئی کر دیا

كَأَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ ط كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

گویا کہ وہ کچھ بھی نہ تھی کل ایسے ہی ہم کھول کر بیان کرتے ہیں

گویا کہ وہ کل یہاں کچھ بھی نہ تھی، ہم آیات کو ایسے ہی کھول کر بیان کرتے ہیں

الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾	وَاللّٰهُ	يَدْعُوْٓا
آیات کو	لوگوں کے لیے	جو غور وفکر کرتے ہیں	اور اللہ تعالیٰ	دعوت دیتا ہے

اُن لوگوں کے لیے جو غور وفکر کرتے ہیں۔(24) اور اللہ تعالیٰ

اِلٰى	دَارِ السَّلٰمِ ؕ	وَيَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ	اِلٰى
طرف	سلامتی کے گھر کی	اور وہ ہدایت دیتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے	طرف

سلامتی کے گھر کی طرف دعوت دیتا ہے اور وہ جس کو چاہتا ہے

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۵﴾	لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوا	الْحُسْنٰى	وَزِيَادَةٌ ؕ
سیدھے راستے کی	ان لوگوں کے لیے	جنہوں نے نیکی کی	نہایت اچھا بدلہ ہے	اور کچھ مزید ہے

سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے۔(25) جن لوگوں نے نیکی کی اُن کے لیے نہایت اچھا بدلہ ہے اور کچھ مزید ہے

وَلَا يَرْهَقُ	وُجُوْهَهُمْ	قَتَرٌ	وَّلَا ذِلَّةٌ ؕ	اُولٰٓئِكَ
اور نہ ڈھانپے گی	اُن کے چہروں کو	کوئی سیاہی	اور نہ کوئی ذلت	یہی لوگ

اور اُن کے چہروں کو نہ کوئی سیاہی ڈھانپے گی اور نہ کوئی ذلت، یہی لوگ

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ ﴿۲۶﴾	وَالَّذِيْنَ
جنت والے ہیں	وہ	اس میں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اور جن لوگوں نے

جنت والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔(26) اور جن لوگوں نے

كَسَبُوا	السَّيِّاٰتِ	جَزَآءُ	سَيِّئَةٍۭ	بِمِثْلِهَا ۙ
کمائیں	برائیاں	بدلہ	برائی کا	اس جیسا

بُرائیاں کمائیں تو بُرائی کا بدلہ اُس جیسا ہوگا

وَتَرْهَقُهُمْ	ذِلَّةٌ ؕ	مَا	لَهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ
اور ڈھانپے گی اُن کو	رسوائی	نہ (ہوگا)	اُن کے لیے	اللہ تعالیٰ سے

اور اُن کو رسوائی ڈھانپے گی، کوئی اُنہیں اللہ تعالیٰ سے

مِنۡ عَاصِمٍ ۚ	كَاَنَّمَآ	اُغۡشِيَتۡ	وُجُوۡهُهُمۡ	قِطَعًا
کوئی بچانے والا	گویا کہ	ڈھانپ دیے گئے	اُن کے چہروں کو	ٹکڑوں سے

بچانے والا نہ ہوگا، گویا اُن کے چہرے

مِّنَ الَّيۡلِ	مُظۡلِمًا ؕ	اُولٰٓئِكَ	اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ	هُمۡ
رات کے	سیاہ	یہی لوگ	آگ والے ہیں	وہ

سیاہ رات کے ٹکڑوں سے ڈھانپ دیے گئے ہیں یہی لوگ آگ والے ہیں، وہ

فِيۡهَا	خٰلِدُوۡنَ ﴿٢٧﴾	وَيَوۡمَ	نَحۡشُرُهُمۡ	جَمِيۡعًا	ثُمَّ
اس میں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اور جس دن	ہم جمع کریں گے	اُن سب کو	پھر

اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔(27) اور جس دن ہم اُن سب کو جمع کریں گے پھر

نَقُوۡلُ	لِلَّذِيۡنَ	اَشۡرَكُوۡا	مَكَانَكُمۡ	اَنۡتُمۡ
ہم کہیں گے	اُن لوگوں سے	جنہوں نے شریک بنائے	اپنی جگہ رہو	تم

ہم ان لوگوں سے کہیں گے جنہوں نے شریک بنائے کہ تم اور تمہارے شریک اپنی جگہ رہو

وَشُرَكَآؤُكُمۡ ۚ	فَزَيَّلۡنَا	بَيۡنَهُمۡ	وَقَالَ	شُرَكَآؤُهُمۡ
اور تمہارے شریک	پھر علیحدگی کر دیں گے ہم	اُن کے درمیان	اور کہیں گے	شریک اُن کے

پھر ہم اُن کے درمیان علیحدگی کر دیں گے اور اُن کے شریک کہیں گے

مَّا	كُنۡتُمۡ	اِيَّانَا	تَعۡبُدُوۡنَ ﴿٢٨﴾	فَكَفٰى
نہیں	تھے تم	صرف ہماری	تم عبادت کرتے	سو کافی ہے

کہ تم ہماری عبادت تو نہیں کرتے تھے۔(28) سو

بِاللّٰهِ	شَهِيۡدًۢا	بَيۡنَنَا	وَبَيۡنَكُمۡ	اِنۡ
اللہ تعالیٰ	گواہ	ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان	بلاشبہ

ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ تعالیٰ ہی گواہ کافی ہے، بلاشبہ

كُنَّا | عَنْ عِبَادَتِكُمْ | لَغٰفِلِيْنَ ﴿٢٩﴾ | هُنَالِكَ | تَبْلُوْا

تھے ہم | تمہاری عبادت سے | یقیناً بے خبر | وہاں | جانچ لے گا

ہم تمہاری عبادت سے یقیناً بے خبر تھے۔(29) وہاں

كُلُّ نَفْسٍ | مَّآ | اَسْلَفَتْ | وَرُدُّوْٓا | اِلَى | اللّٰهِ

ہر نفس | جو | اُس نے آگے بھیجا | اور وہ لوٹائے جائیں گے | طرف | اللہ تعالیٰ کی

ہر نفس جانچ لے گا جو اس نے آگے بھیجا اور وہ اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹائے جائیں گے

مَوْلٰىهُمُ | الْحَقِّ | وَضَلَّ | عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا

مالک ہے اُن کا | حقیقی | اور گم ہو جائے گا | اُن سے | جو | تھے وہ

(جو) ان کا حقیقی مالک ہے اور ان سے گم ہو جائے گا جو

يَفْتَرُوْنَ ﴿٣٠﴾ ع | قُلْ | مَنْ | يَّرْزُقُكُمْ | مِّنَ السَّمَآءِ

جھوٹ گھڑا کرتے | آپ کہہ دیں | کون | رزق دیتا ہے تمہیں | آسمان سے

جھوٹ وہ گھڑا کرتے تھے۔(30) آپ کہہ دیں کہ کون تمہیں آسمان

وَالْاَرْضِ | اَمَّنْ | يَّمْلِكُ | السَّمْعَ | وَالْاَبْصَارَ

اور زمین سے | یا کون | مالک ہے | کانوں | اور آنکھوں کا

اور زمین سے رزق دیتا ہے؟ یا کون ہے جو کانوں اور آنکھوں کا مالک ہے؟

وَمَنْ | يُّخْرِجُ | الْحَيَّ | مِنَ الْمَيِّتِ | وَيُخْرِجُ

